ہندوستان کا آئین

آئین کا مطلب اصولوں کے ایسے اقسام سے ہے جن کا حکم ماننا ہر ایک ہندوستانی کا فرض ہے۔ آئین شہریوں کے حقوق، فرض اور ازادی کو فراہم کرتا ہے اور ریاست اور سرکار کے بیچ تعلقات کو استوار کرتا ہے یہ سب سے زیادہ قابل قدر ہے۔ جو بھی فیصلے اور کاروائی آئین کے مطابق نہ ہو۔ وہ غیر آئین اور غیر قانونی مانا جاتا ہے۔ ہندوستانی آئین لچکدار ہے۔ عوام کی بدلتی خواہشات اور وقت کی بدلتے حالتوں کے مطابق اسکو تبدیل کیا جاسکتا ہے۔ ہندوستان اور متحدہ امریکہ کے آئین تحریر دستاویز ہے۔ ہندوستان کا آئین دنیا بھر کے آئین میں سب سے طویل آئین ہے۔ اس کا نفاذ جب سے عمل میں ہوا تب سے اس دن کو ہر سال یوم جمہوریہ کی شکل میں منایا جاتا ہے۔ ڈاکٹر امبیڈکر دستور کمیٹی کے صدر تھے ۔ دو سال گیارہ ماہ اٹھارہ دن کی مدد میں اسکی تیاری مکمل ہوئی۔ ہندوستان کا آئین (دستور) ہندوستان کے سیاسی نظام کے سبھی پہلوؤں کے بنیادی مقاصد کو بھی واضح کرتا ہے یہ ہندوستان کو ایک حاکمیت اور جمہوری سماجی اور سیکولر جمہوریت کے طور پر واضح کرتا ہے۔

.1 جوابات دیجیے۔

.1 دستور کے بارے میں ہر ایک ہندوستانی کا کیا فرض ہوتا ہے؟

.2 دستور میں کن باتوں کو بتایا گیا ہے؟

.3 دستور میں درج باتوں کو نہیں مانا گیا تو کیا ہوتا ہے؟

.2 خالی جگہوں کو پر کیجیے۔

سماج میں ہونے والی تبدیلیوں کے مطابق ہندوستانی آئین کو بدلا جاسکتا ہے کیوں کہ...................... ہندوستان میں 26/ جنوری 1950ء کو دستور روبہ عمل آیا اس لیے..................................

.3 دستور کے نقطہ نظر سے ہندوستان جمہوریہ کے طور پر (حسب ذیل ٹیبل کو پر کیجیے)

.4 ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

.1 دستور ساز اسمبلی کے صدر :

.2 دستور پورا کرنے کے لیے لگا ہوا وقت :

.5 دستور میں موجود قوانین کو ماننا کیوں ضروری ہے؟